خصوصی پریس ریلیز

**سروے کیے گئے 555 ڈاکٹرز میں سے32% ڈاکٹرز پہلے ہی کورونا کا شکار ہوچکے ہیں۔ سروے میں شامل ڈاکٹرزکی اکثریت بڑے پیمانے پر کورونا کو عوام کی صحت کے حوالے سے درمیانے سے شدید درجہ کا خطرہ مانتی ہے : گیلپ پاکستان اور PIMA کی جانب سے کیا جانے والا سروے**

**(2 مارچ ، اسلام آباد ، کراچی)**

پاکستان میں 555 ڈاکٹرز پر مشتمل گیلپ پاکستان اور **PIMA**کی جانب سے کیے جانے والے سروے پر تجزیہ : اکثریت کورونا سے متاثرہ مریضوں پر ہی تعینات ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ ان میں سے 32 % اس وبائی بیماری کا شکار ہوچکے ہیں۔ ان کی اکثریت کورونا کو عوام کی صحت کے لیے درمیانے سے شدید درجے کا خطرہ سمجھتی ہے ، جبکہ اُن کے نزدیک زیادہ تر ہیلتھ کیئر ورکرز کو ابھی تک ویکسین فراہم کیے جانے کی شرح بھی کم ہے - 21% کسی بھی طرح کی دستیاب ویکسین کو لگوانے کے لیے تیار ہیں ،لیکن19 % ویکسین لگوانے کے لیے دستیاب ویکسین کے موثر ہونے پر یقین نہیں رکھتے ہیں۔

## پی آئی ایم اے (PIMA)کے محترم صدر پروفیسر خوبیب شاہد کا پیغام:

"میرے لئے یہ اعزاز کی بات ہے کہ مجھےپاکستان میں ڈاکٹرز کے ذریعہ کورونا کے حوالے سے حقائق اور ذاتی رائے حاصل کرنے لیے ایسی نوعیت کے پہلے سروے کے نتائج کا اعلان کرنے کا موقع ملا ہے - سروے کا انعقاد PIMA کی جانب سے کیا تھا جسے مکمل گیلپ پاکستان کے ذریعہ کیا گیا تھا، اس سروے میں ہمارے پیشے سے تعلق رکھنے والے 555 جوابدہندگان نے آن لائن سوالات کے جوابات دے کر اس سروے کومکمل کیا۔ مجھے یقین ہے کہ اس سروے کے نتائج ، صحت کے حکام اور بڑے پیمانے پر عوام کے لئے اس موضوع پر دستیاب معلومات کا ذریعہ ثابت ہوں گے"۔

**سروے کے اہم نتائج:**

1. سروے میں شامل ڈاکٹرز میں سے89% ڈاکٹرز ایسی جگہوں پر ڈیوٹی انجام دے چکے تھے جہاں اُنھوں نےکورونا سے متاثرہ مریضوں کا علاج کیا تھا۔
2. 32%ڈاکٹرز کا پہلے ہی کورونا کا ٹیسٹ پازیٹیو آچکا ہوا ہے -


3. ویکسین کی دستیابی کا عمل آہستہ ہے کیونکہ% 59 ہیلتھ پروفیشنلز کو ابھی تک ویکسین آفر نہیں کی گئی ہے۔خیبر پختونخواہ میں اس حوالے سے شرح % 74 ہے۔
4. سروے کیے گئے % 84 ڈاکٹرز کورونا کو 5-10 کے اسکیل پر درمیانے درجے سے سنگین درجے کا خطرہ سمجھتے ہیں۔
5. سروے کے مطابق 81% ڈاکٹرز ویکسین لینے کے لئے تیار تھے ،جبکہ 19% ویکسین پر اعتماد نہیں کرپارہے ہیں لہذا وہ ویکسین لگوانے کے لیے تیار نہیں ہیں۔
6. 21% ڈاکٹرز پہلی کوئی سی بھی دستیاب ویکسین لینے کے لئے آمادہ ہیں، پہلی ترجیح کے حوالے سے 46% Astra-Zeneca کو پہلے نمبر پر جبکہ Pfizer کو دوسرے نمبر پر حاصل کرنا چاہتے ہیں۔


## سروے کے اہم نتائج

1 / **پاکستان میں صحت کے پیشہ ور افراد COVID-19 نے نمایاں طور پر متاثر کیا ہے**۔ 10 میں سے 9 ڈاکٹرز زیادہ ایسی جگہوں پر کام کر رہے ہیں جہاں COVID-19سے متاثرہ مریض آتے ہیں اور ان میں سے 50% سے زیادہ ڈاکٹرز نے ایسے مریضوں کو باقاعدہ طور پر چیک کیا۔

سروے میں شامل ڈاکٹرز میں سے 89% ڈاکٹرز ایسی جگہوں پر ڈیوٹی انجام دے چکے تھے۔ جہاں انھوں نے کورونا سے متاثرہ مریضوں کا علاج کیا تھا۔

Question: Do you work at any such place where COVID-19 patients come for treatment or are likely to come for treatment?









Source: Gallup & PIMA study on Healthcare workers on Vaccine Confidence

سب سے زیادہ خطرناک بات یہ ہے کہ 10 میں سے 4 ڈاکٹرز COVID-19 کا شکار ہوچکے ہوئے تھے !ہمارے فرنٹ لائن ورکرز نے جو قربانیاں دی ہیں ،انہیں اس کے کیے جانے والے تعاون اور ان کی قابلیت کو مناسب انداز میں سراہا نہیں گیا۔


**32% ڈاکٹرز کا پہلے ہی کورونا کا ٹیسٹ پازیٹیو آچکا ہوا ہے۔**





**2 / ویکسین ملنے کا عمل بہت تاخیر سے ہوا:** سروے کرائے جانے کے عمل کو ہیلتھ کمیونٹی میں ویکسین کی دستیابی سے مشروط کیا گیا ہے ۔ ہمیں یہ بھی دیکھنے کو ملا ہے کہ تقریبا50٪ ڈاکٹرز کا یہ کہنا ہے کہ انہیں ابھی تک ویکسین کی پیش کش نہیں کی گئی ہے۔ یہ معلوماتی مسئلہ کے ساتھ ساتھ دستیابی کا مسئلہ بھی ہوسکتا ہے۔

ویکسین کی دستیابی کا عمل آہستہ ہے کیونکہ 59% ہیلتھ پروفیشنلز کو ابھی تک ویکسین آفر نہیں کی گئی ہے۔ جس میں یہ شرح خیبر پختونخواہ میں 74% ہے۔۔

## Nearly 2 in 5 doctors reported that vaccine has been offered to them








خیبر پختونخواہ میں ، زیادہ سے زیادہ 75% ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ انہیں ویکسین نہیں دی گئی ہے۔ اگر ہم تمام +400,000سے زائد ہیلتھ ورکرز کو ویکسین دینا چاہتے ہیں تو ہمیں دیکسین کی دستیابی کی موجودہ رفتار کو تیزی سے تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔

3/ **تقریبا 5 میں سے 1 ڈاکٹر, COVID-19کے حوالے سے تھوڑا کم پریشانی والا کا اظہار کرتے ہیں**, جبکہ 20% سے ذرا کم ڈاکٹرز اسے ایک سنجیدہ مسئلہ قرار دیتے ہیں ۔ جب ڈاکٹرز کو COVID-19 سے تمام آبادی کو لاحق خطرہ کے لیئے بحیثت ایک بیماری کے طور پر درجہ بندی کرنے کے لئےکہا گیا تو10 میں سے 4 کے نزدیک یہ زیادہ /کم بڑی بیماری نہیں تھی ۔


## سروے کیے گئے 84% ڈاکٹرز کورونا کو 10-5 کے اسکیل پر درمیانے درجے سے سنگین درجے کا خطرہ سمجھتے ہیں۔




ایک ایسے وبائی مرض جس نے لاکھوں افراد ہلاک اور 50 ملین سے زیادہ افراد کو متاثر کیا ، ایسی بیماری کے حوالے سے ہماری ہیلتھ کمیونٹی کو اسے زیادہ سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے ۔

**/4 ہر چیز کے باوجود 80%سے زیادہ بڑی اکثریت COVID-19 سے بچاو کے لیئے ویکسین لینے کو تیار ہے۔**




تاہم سب سے زیادہ مشہور ویکسین فائزر **(Pfizer)**کی ہے جو فی الحال دستیاب نہیں ہے ۔فی الحال دستیاب ویکسین کی مانگ سب سے کم ہے ( جو کہ چینی اور روسی)۔

**21% ڈاکٹرز پہلی کوئی سی بھی دستیاب ویکسین لینے کے لئے آمادہ ہیں، پہلی ترجیح کے حوالے سے 46% Astra-Zeneca کو پہلے نمبر پر، جبکہ Pfizer کو دوسرے نمبر پر حاصل کرنا چاہتے ہیں۔**




ویکسین کی عدم دستیابی بھی اس کی ایک وجہ ہے کہ بڑے پیمانے پر ابھی تک اس کو حاصل نہیں کیا گیا۔ ۔ حفاظتی خدشات کے ساتھ ساتھ خود **COVID 19** پر کم اعتقاد عام طور پر لوگوں میں ویکسین پر کم اعتماد ہونے کو وجوہات میں سے ایک ہے ۔ بدقسمتی سے سوشل میڈیا کو معلومات کا سب سے بڑا وسیلہ قرار دیا گیا اور اسے جعلی خبروں کی وسیع پیمانے پر پھیلاو اور مختلف سازشوں کو زریعہ بھی سجمھا گیا لیکن یہ یہ کوئی بڑی حیرت کی بات نہیں ہے۔

**5/ خوش آئند بات یہ ہے کہ 10 میں سے 9 ڈاکٹرز کا یہ کہنا ہے کہ وہ اپنے مریضوں کو ویکسین لگوانے کا مشورہ دیں گے۔**


COVID-19 اور اس کی ویکسین کے بارے میں آراء: کیا ڈاکٹرز کے اس حوالے سے خدشات ہیں ؟

تقریبا نصف ڈاکٹرزکا خیال ہے کہ COVID-19 پوری آبادی کے لئے ایک بڑا خطرہ ہے۔ یہ عام لوگوں کی سوچ سے کہیں زیادہ بھی ہوسکتا ہے جو اب بھی اسے بڑی تعداد میں مبالغہ آمیز خطرہ سمجھتے ہیں۔ زیادہ تر ڈاکٹرز (65%) اس غلط فہمی کو دور کرتے ہیں کہ قدرتی طور پر انفیکشن ہونے سے اپنے آپ کو بچانا کسی ویکسین سے بہتر ہے۔ لیکن باقی اس پر یقین نہیں رکھتے ۔ اس لحاظ سے

ڈاکٹرزکو مزید تعلیم دینے کی ایک گنجائش موجود ہے تاکہ وہ اپنے مریضوں میں COVID-19 ویکسین کی طرف زیادہ مثبت رویوں اور طریقوں کو فروغ دے سکیں۔ نئی ویکسین بنانے میں سائنس پر بھروسہ کرنے والے ڈاکٹرز (84%) کو دیکھ یہ کہنا حوصلہ افزا نتیجہ ہے۔ ویکسین کی حفاظت کے حوالے سے وزارت صحت پر اعتماد نسبتا کم ہے جو کہ (51%) ہے ، مجموعی طور پر اعتماد کے باوجود ، نصف سے زیادہ (58%) ہنگامی صورتحال میں تیار کی جانے والی ویکسین کی حفاظت کے بارے میں شکوک و شبہات کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ پھر ایک نکتہ کی طرف اشارہ کرتا ہے جہاں ڈاکٹرزکو مزید تعلیم دینے کی ضرورت محسوس ہوتی نظر آرہی ہے اور معاشرے میں ان کو بہتر طور پر فروغ دینے کے لئے COVID-19 سے بچاو کی ویکسین کی حفاظت سے متعلق اپنے شکوک و شبہات کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ کچھ ذاتی شکوک و شبہات کے باوجود ، ڈاکٹرزکی اکثریت اپنے مریضوں کو COVID-19 ویکسین (جب وہ دستیاب ہوجاتی ہے) کی سفارش کرے گی۔ یہ بہت حوصلہ افزا نتیجہ ہے کیونکہ عام لوگوں کو COVID-19 سے بچاو کی ویکسین کو قبول کرنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے اگر ان کے ڈاکٹرزنے اس بات کی توثیق کی ہو۔

**Methodology of Gallup and PIMA National Survey of Health Professionals on Vaccine Confidence**

Methodology snapshot is available below




<u>*Seminars and Roundtables;*</u>

Considering the centrality of doctors and the medical profession to the treatment of Corona, Gallup Pakistan would greatly welcome a series of seminars and roundtables, based on the findings of polls, with various collegial associations in the profession as well as medical universities and teaching institutions across the country. We would enthusiastically respond to institutions interested in joining hands in this public service activity.

Your feedback is appreciated. Please feel free to contact us at *caf@gallup.com.pk* in case of any queries or comments.

**Special Release from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, *February 22, 2021***
*(8 Pages, Urdu version Only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*Contact us:*

*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* caf@gallup.com.pk

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

celebrating 41 years
of Gallup Pakistan
(1980-2021)